آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

# نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز ہفتہ 14 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 220

# معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا، فیلڈ مارشل

خام مال کی برآمد کے بجائے ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ سمیت مکمل ویلیو چین کی ترقی پر توجہ دینا ہوگی، معدنی وسائل سے مقامی آبادیوں کو بھی براہ راست فائدہ پہنچنا چاہیے وفاقی دارالحکومت میں جاری منرلز فورم سے خطاب




اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت میں جاری منرلز فورم سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ خام مال کی برآمد کے بجائے ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ سمیت مکمل ویلیو چین کی ترقی پر توجہ دینا ہوگی، معدنی وسائل سے مقامی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سونے کی قیمت میں فی تولہ 4900 روپے کمی، چاندی بھی سستی

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ مقامی صرافہ مارکیٹوں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم روشن مستقبل کی بنیاد ہے، احسن اقبال

حکومت بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ابتدائی بچپن کی معیاری اور جدید تعلیم بچوں کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کمشنر عرفان علی کاٹھیا کا ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ کا دورہ

شعبہ آٹ ڈور، فارمیسی، ایمرجنسی، گائنی وارڈ، انتظار گاہ سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

کسی بھی مریض کو ہسپتال سے باہر ادویات خریدنے کی ضرورت پیش نہیں آنی چاہیے کمشنر بہاولپور کی ہدایت اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹر زاور نرسنگ اسٹاف بھی موجود تھا



احمد پور شرقیہ (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے شعبہ آٹ ڈور، فارمیسی، ایمرجنسی، گائنی وارڈ، انتظار گاہ سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر عرفان علی کاٹھیا ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کے ہمراہ محمود پارک احمد پور شرقیہ کا دورہ کر رہے ہیں۔

## احمد پور شرقیہ کی کم عمر طالبہ ولیجہ شاہین معید کی ترکیہ میں عالمی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 میں شرکت شہر کیلئے بڑا اعزاز

ولیجہ شاہین معید معروف سینئر صحافی عمران معید کی صاحب زادی ہیں ادارہ روزنامہ احمد پور شرقیہ کی اس اعزاز پر عمران معید اور انکی فیملی کو مبارکباد، اور ولیجہ شاہین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار



احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) سرزمین بہاولپور سے تعلق رکھنے والی 18 سال سے کم عمر ہونہار طالبہ ولیجہ شاہین معید نے ترکیہ کے شہر انطالیہ میں اقوام متحدہ کے زیر اہتمام جاری عالمی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 (COP31) میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ڈی پی او اور انا عبدالوہاب کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں 20 سے زائد شہریوں نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 20 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے ملکی و عالمی کمپنیوں کے درمیان 13 معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط

وزیراعظم نے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو معدنی وسائل کی تلاش کی دعوت دیتے ہوئے تحفظ کی یقین دہانی کرادی۔ فورم کے دوران ایک اہم اعلان فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) کی جانب سے کیا گیا، جس میں بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دشتِ کین میں تانبے کے ذخائر کا تخمینہ 35 کروڑ ٹن لگایا



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے دوران پاکستانی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط ہوگئے، وزیراعظم نے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو معدنی وسائل کی تلاش کی دعوت دیتے ہوئے تحفظ کی یقین دہانی کرادی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں منعقدہ دوروزہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 (پی ایم آئی ایف) کے دوران ایک اہم اعلان فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) کی جانب سے کیا گیا، جس میں بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دشتِ کین میں تانبے کے ذخائر کا تخمینہ 35 کروڑ ٹن لگایا گیا۔ یہ تخمینہ اب تک تجربے کے لیے دستیاب ڈرلنگ معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں) ایم او یوز (پر دستخط ہوگئے، وزیراعظم نے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو معدنی وسائل کی تلاش کی دعوت دیتے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بھرتی کے تمام مراحل کو قانون وضابطہ کے مطابق مکمل کیا جائیگا، ڈی پی او

بھرتی کے تمام مراحل کو قانون وضابطہ کے مطابق مکمل کیا جائیگا

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی الیکشن کمیشن بہاولپور ڈویژن میں سیکورٹی پرسنل کی بھرتی کے حوالے سے الیکشن

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات

جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکورٹی کے حوالے سے مساجد و امام بارگاہوں کے وزٹ

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ریجنل پولیس آفیسر غازی محمد صلاح الدین کی شہریوں سے ملاقات، مسائل کے فوری حل اور داد رسی کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

شہریوں کی شکایات کا ازالہ محض رسمی کارروائی نہیں درخواست گزاروں کو کارروائی سے آگاہ رکھا جائے اور انہیں ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ آر پی او بہاولپور



بہاولپور (پ ر) ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے اپنے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ کا دورہ

انہوں نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، ان کی خیریت دریافت کی

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے شعبہ آٹ ڈور، فارمیسی، ایمرجنسی،

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# پاکستان میں گڈ گورننس اور ترقی کیلئے 77 فیصد شہری نئے صوبوں کے حامی

سروے کے مطابق 2025ء میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت 54 فیصد تھی، 2026ء میں بڑھ کر 66 فیصد ہوگئی اور تازہ ترین سروے میں 77 فیصد تک پہنچ گئی




لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک نئے سروے میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستان میں ترقی اور حکومتی خدمات کی بہتر فراہمی کیلئے نئے صوبوں کے قیام کے حامی شہریوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے، سروے میں شہریوں نے اظہار

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## عوام کو صاف پانی، بہتر شہری سہولیات اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے اقدامات تیزی سے جاری ہیں، کمشنر

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے تحصیل احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ عوام کو صاف پانی، بہتر شہری سہولیات اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے ہمراہ تحصیل احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا اور مختلف عوامی سہولیات اور ترقیاتی امور کا جائزہ لیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے سلطانیہ قبرستان کے قریب قائم واٹر فلٹریشن پلانٹ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کرشنگ سیزن کیلئے آر وائی کے شوگر ملز کے تمام انتظامات مکمل

زمینداروں کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ندیم حیدر چوہدری

جی ایم کین کی مقامی زمیندار سردار حاجی غلام حسن خان گوپانگ اور حسنین خان گوپانگ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو



جن پور (نامہ نگار) کرشنگ سیزن 2026-27 کے لیے آر وائی کے شوگر ملز کے تمام انتظامات مکمل زمینداروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے ندیم حیدر چوہدری تفصیلات کے مطابق آر وائی کے شوگر ملز رکن آباد کے جی ایم کین ندیم حیدر چوہدری نے کہا ہے کہ کرشنگ سیزن 2026-27 کے دوران زمینداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا اور گنے کی بروقت خریداری یقینی بنانا ملز انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے ملز انتظامیہ زمینداروں کے اعتماد پر پورا اترنے اور انہیں درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے گنے کی ترسیل کے نظام کو بہتر بنانے اور ملز تک گنے کی بلا تعطل رسائی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سموگ فضائی آلودگی کی ایک خطرناک شکل ہے

جو انسانی صحت کو متاثر کرتی ہے ڈاکٹر عادل محمود رانجھا

شہری غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں

باہر جاتے وقت ماسک کا استعمال کریں اسسٹنٹ پروفیسر میڈیسن بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور

چنی گوٹھ (نامہ نگار) اسسٹنٹ پروفیسر میڈیسن بہاول وکٹوریہ ہسپتال) بی وی ایچ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## مغل سلطنت کے قیام کی 500 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کی

یہ تقریب اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے بغداد الجدید کیمپس میں واقع خواجہ غلام فرید آڈیٹوریم کے ویڈیو کانفرنس روم میں منعقد ہوئی

شعبہ تاریخ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر اور چیئرپرسن، ڈاکٹر سمعیہ خالد تقریب کی فوکل پرسن تھیں



شعبہ تاریخ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام مغل سلطنت کے قیام کی 500 ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ سیمینار کے شرکا کا گروپ فوٹو۔

بہاول پور (پ ر) ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق، شعبہ تاریخ، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے مغل سلطنت کے قیام کی 500 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے بغداد الجدید کیمپس میں واقع خواجہ غلام فرید آڈیٹوریم کے ویڈیو کانفرنس روم میں منعقد ہوئی۔ شعبہ تاریخ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر اور چیئرپرسن، ڈاکٹر سمعیہ خالد تقریب کی فوکل پرسن تھیں، جبکہ ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر مظہر حسین نے سیمینار کے ناظم کے فرائض سرانجام دیے۔ اس تقریب میں طلبا اور

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## پیرا فورس کے جوان عوامی مسائل کے حل میں معاون کردار ادا کریں

شہریوں کو قانون وضابطے کے مطابق مؤثر رہنمائی فراہم کریں، کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ عوام کو بہتر انتظامی سہولیات کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کے فوری حل اور سرکاری اداروں میں عوام دوست طرز عمل کو فروغ دینے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا اور اسسٹنٹ کمشنر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی تنظیم نو کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ادارے کو عالمی سطح پر مسابقتی، تجارتی اعتبار سے مستحکم اور بین الاقوامی شناخت کا حامل بحری ادارہ بنانے کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا احمد پور شرقیہ میں اراضی ریکارڈ سنٹر کے دورہ کے موقع پر سائلہ سے بات چیت کر رہے ہیں۔

## وفاقی دارالحکومت کو ملک کا پہلا مکمل کیش لیس شہر بنانے کا فیصلہ

31 دسمبر کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو پاکستان کا پہلا مکمل کیش لیس شہر بنانے کے لیے 31 دسمبر کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی ہے، جس کے تحت رواں سال کے اختتام تک شہر کے تمام کاروباری مراکز اور تاجروں کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام میں شامل کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ اس اہم پیش رفت کا اعلان

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## صوبوں پر ریفرنڈم ہو بھی جائے تو معاملہ پارلیمنٹ نے طے کرنا ہے: رانا ثنا اللہ

عمران خان کے دونوں وکلا نے ان سے ملاقات کی ہے،

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کے معاملے پر اگر ریفرنڈم ہو بھی جاتا ہے تو معاملہ طے تو پارلیمنٹ نے کرنا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان کے دونوں وکلا نے ان سے ملاقات کی ہے، ان کا کیا رویہ ہوتا ہے یہ تو آنے والے دنوں میں معلوم ہوگا، بانی پی ٹی آئی کے وکلا نے ان ملاقات کے بعد سیاسی گفتگو کی جو اگلی ملاقات کیلئے رکاوٹ ہو سکتی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے لانگ مارچ کی کسل دی ہوئی تھی، انہیں سمجھانے کی کوشش کی گئی، ہر طرح کی یقین دہانی کرائی گئی، ملاقاتوں کی بندش اس لیے تھی کہ وہ ان ملاقاتوں کو سیاسی مقاصد کیلئے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر اوچ شریف پولیس متحرک

گنے سے لدی اوور لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں کے ڈرائیوروں کو حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد کی ہدایت

بغیر ریفلیکٹر اور لائٹس شاہراہوں پر سفر حادثات کو دعوت دینے کے مترادف قرار

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب کے وژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے بہاولپور پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور حادثات کی روک تھام کے لیے آگاہی اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ اوچ شریف صدیق ڈھڈی نے گنے سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



## اوچ شریف میں ٹریفک کا المناک حادثہ

ٹرک کی ٹکر سے وہیل چیئر سوار معذور شخص جاں بحق، ساتھی شدید زخمی، دونوں کا تعلق ضلع مظفر گڑھ سے ہے

## ریسکیو 1122 نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اسپتال منتقل کر دیا



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) للو والی موڑ کے قریب تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے وہیل چیئر پر سوار 45 سالہ معذور شخص جاں بحق جبکہ وہیل چیئر دھکیلنے والا اس کا 60 سالہ ساتھی شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کی رپورٹ کے مطابق دونوں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا جائے: اسحاق ڈار

چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کمشنر عرفان علی کاٹھیا کا اراضی ریکارڈ سینٹر

پیرا فورس کی زیر تعمیر عمارت، محمود پارک اور سب رجسٹرار آفس کا وزٹ

کمشنر نے اراضی ریکارڈ سینٹر کا معائنہ کرتے ہوئے شہریوں کو فرد، انتقال اور دیگر اراضی ریکارڈ سے متعلق خدمات کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا



بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا احمد پور شرقیہ میں اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے ہمراہ تحصیل احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا اور اراضی ریکارڈ سینٹر، پیرا فورس کی زیر تعمیر عمارت، محمود پارک اور سب رجسٹرار آفس میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات، جاری ترقیاتی کاموں اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ایف بی آر نے پیک شدہ چائے کی پیداوار کی الیکٹرانک مانیٹرنگ لازمی قرار دے دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے چائے کی پیداوار اور فروخت کی نگرانی اور ٹیکس چوری روکنے کے لیے پیک شدہ چائے کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا فیصلہ کیا ہے، جس کے لیے چائے کے ہر ریٹیل پیک پر مشین سے پڑھا جانے والا بارکوڈ لگانا لازمی قرار دے دیا ہے۔ ایف بی آر نے تمام مینوفیکچررز اور آنے والے دنوں میں معلوم ہوگا، بانی پی ٹی آئی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل

اسلام آباد ہائیکورٹ کا حکم امتناع جاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول اور الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے حکم امتناع جاری کر دیا، عدالت نے الیکشن کمیشن سمیت دیگر فریقین

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

# نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

# نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

# مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

# احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

# ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

**بقیہ نمبر 01**

آبادیوں کو بھی براہ راست فائدہ پہنچنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے، معدنی وسائل سے بھرپور علاقوں میں ترقی کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچانا اوران کی زندگیوں میں ٹھوس بہتری لانا ناگزیر ہے۔چیف آف ڈیفنس فورسز کا کہنا تھا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے اوران وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانا ہوگی۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ معدنی ترقی کا حقیقی فائدہ اسی وقت ممکن ہے جب معدنیات سے مالا مال علاقوں کے عوام بھی اس عمل میں شریک ہوں اور انہیں اپنی زندگیوں میں مثبت تبدیلی واضح طور پر نظر آئے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا مقصد صرف خام معدنیات برآمد کرنا نہیں بلکہ ریفائننگ، پروسیسنگ اور مینوفیکچرنگ سمیت پوری ویلیو چین کو ملک میں ترقی دینا ہے تاکہ معدنی وسائل سے زیادہ سے زیادہ معاشی فائدہ حاصل کیا جاسکے اور ملک میں صنعتی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے کہا کہ پاکستان ایسی طویل المدتی شراکت داریوں کو فروغ دینا چاہتا ہے جو ملک اور اس کے بین الاقوامی شراکت داروں کے لیے پائیدار معاشی قدر کا باعث بنیں، اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لانے اور سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔فیلڈ مارشل کا پاکستانی عوام کی صلاحیتوں اور عزم کو سراہتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان کے لوگ محنتی، دلیر اور پرعزم ہیں اوران میں اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، ہمارے قدرتی وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں، جبکہ ان مواقع کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے پاکستانی عوام کی محنت، صلاحیت اورعزم بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کو اب صلاحیت سے پیداوار، وعدوں سے عملی اقدامات اور خام معدنیات کی برآمد سے ویلیو ایڈڈ معاشی ترقی کی جانب پیش رفت کرنا ہوگی۔چیف آف ڈیفنس فورسز کا مزید کہنا تھا کہ معدنی شعبے کی ترقی کو قومی معیشت کے استحکام، صنعتی فروغ اور عوامی خوشحالی کا ذریعہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

**بقیہ نمبر 02**

کرنی ہے، آج کے بچے کل پاکستان کے روشن مستقبل کے معمار بنیں گے۔جمعہ کو ایکس پر آئی ایم سی جی گولڑہ کیمپس کے دورے کے موقع پر بچوں سے گفتگو کرتے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ننھے بچوں کی ذہانت، تجسس، صاف دل اور بڑے خواب دیکھنے کی صلاحیت پاکستان کے روشن مستقبل کی امید دلاتی ہے۔انہوں نے بچوں کے ساتھ رنگوں، مختلف اشکال اور ٹیڈی بیئرز کے موضوعات پر بات چیت کی اوران کی دلچسپی اور ذہانت کا مشاہدہ کیا۔احسن اقبال نے کہا کہ حکومت ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ بچوں کی صلاحیتوں کو ابتدائی عمر سے ہی نکھارا جاسکے اورانہیں سیکھنے، سوچنے اور تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم و تربیت میں دلچسپ اور سرگرمیوں پر مبنی تدریسی طریقوں کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ وہ اعتماد، ذہانت اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول اور بہتر مواقع فراہم کرکے انہیں مستقبل کے باصلاحیت، تخلیقی اور ذمہ دار شہری بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

**بقیہ نمبر 03**

کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 4 ہزار 900 روپے سستا ہوکر 4 لاکھ 11 ہزار 636 روپے کا ہو گیا۔اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت میں 4 ہزار 201 روپے کی کمی ہوئی، جس کے بعد نئی قیمت 3 لاکھ 52 ہزار 911 روپے پر آ گئی۔دوسری جانب عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں کمی دیکھی گئی، جہاں فی اونس سونا 49 ڈالر سستا ہوکر 3 ہزار 891 ڈالر کی سطح پر آ گیا۔علاوہ ازیں مقامی مارکیٹ میں چاندی کی قیمت بھی کم ہوگئی۔24 قیراط فی تولہ چاندی 111 روپے کی کمی کے بعد 5 ہزار 467 روپے میں فروخت ہونے لگی۔

**بقیہ نمبر 04**

والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، ان کی خیریت دریافت کی اور علاج معالجے کے معیار، ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کے رویے کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کے علاج معالجے کے لیے تمام ضروری ادویات، طبی آلات، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی ہر وقت دستیابی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی مریض کو ہسپتال سے باہر ادویات خریدنے کی ضرورت پیش نہیں آنی چاہیے اور تمام مستحق مریضوں کو ہسپتال میں دستیاب وسائل کے ذریعے بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔انہوں نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے، مریضوں اوران کے لواحقین کے لیے انتظار گاہوں سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری اور طبی عملے کی جانب سے ذمہ دارانہ انداز میں فرائض کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ عوام کو معیاری، بروقت اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ہسپتالوں میں علاج معالجے کی معیاری سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صاف ستھرا ماحول یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت مند اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اوراس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقرا ناصر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹرز اور نرسنگ اسٹاف بھی موجود تھا

**بقیہ نمبر 05**

کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلدازجلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اوراس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

**بقیہ نمبر 06**

شرکت کرکے پاکستان اوراپنے علاقے کا نام عالمی سطح پر روشن کردیا۔ولیجہ شاہین معید کو پاکستان کی جانب سے کم عمر ماحولیاتی محقق کی حیثیت سے اپنی تحقیق اور پالیسی ریسرچ چیلنج پیش کرنے کا موقع ملا، جس کے لیے انہیں وزارت ماحولیات کی جانب سے نمائندگی کا اعزاز حاصل ہوا۔انہوں نے کانفرنس کے دوران موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے اپنی تحقیقی کاوشیں عالمی فورم پر پیش کیں اور مختلف عالمی شخصیات اور پاکستانی حکومتی شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں۔اقوام متحدہ کے موسمیاتی تبدیلی کے ادارے UNFCCC کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی اس عالمی کانفرنس میں دنیا بھر سے سربراہانِ مملکت، حکومتی نمائندوں، ماحولیاتی ماہرین اور نوجوان محققین نے شرکت کی۔کم عمری میں عالمی سطح کے اس اہم فورم پر پاکستان کی نمائندگی کرنا ولیجہ شاہین معید کی علمی قابلیت، تحقیقی صلاحیتوں اور ماحولیات کے شہریوں کے لیے بھی باعثِ فخر اور نوجوان نسل کے لیے ایک قابلِ تقلید مثال ہے۔یاد رہے ولیجہ شاہین معید سینئر صحافی عمران معید پرواز دختر ہیں۔کانفرنس کے سربراہی اجلاس میں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی آمد پر ترک صدر اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے بھی عالمی رہنماں کے ہمراہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز اوران سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون کے حوالے سے کانفرنس میں شرکت کی

**بقیہ نمبر 07**

لیکشن افسران و برانچز ہیڈ کے ساتھ اہم میٹنگ۔میٹنگ کے دوران بھرتی کے تمام مراحل کو شفاف، میرٹ پرمبنی اور منظم انداز میں مکمل کرنے کے لیے جامع لائحہ عمل مرتب کیا گیا۔بھرتی کے تمام مراحل کو قانون وضابطہ کے مطابق مکمل کیا جائے گا، ڈی پی او۔تفصیلات کے مطابق ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بھرتی کے عمل میں مکمل شفافیت، غیرجانبداری اور میرٹ کو ہرصورت یقینی بنایا جائے تاکہ اہل اور مستحق امیدواروں کا انتخاب ممکن بنایا جا سکے۔اجلاس میں امیدواروں کی سکیورٹی کلیئرنس، ریکارڈ کی جانچ پڑتال، بائیو میٹرک تصدیق، فزیکل ٹیسٹ، انٹرویو اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر بھرتی کے دوران فول پروف سکیورٹی انتظامات اور امیدواروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات اور شفاف طرزِ حکمرانی کے وژن کے مطابق بھرتی کے تمام مراحل کو قانون وضابطہ کے مطابق مکمل کیا جائے گا اور کسی قسم کی سفارش یا غیرقانونی عمل کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے الیکشن کمیشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنائے گی تاکہ بھرتی کا عمل پرامن، شفاف اور میرٹ کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔

**بقیہ نمبر 08**

آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او رانا عبدالوہاب۔تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن پرامن پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او عبدالوہاب نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**بقیہ نمبر 09**

وسیع امکانات اور فورم میں پیش کیے گئے سرمایہ کاری کے مواقع کو مزید اجاگر کیا۔میری منرلز نے بلوچستان میں سونے اور تانبے کے اپنے پہلے ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا۔نیشنل ریسورسز لمیٹڈ) این آر ایل (نے اعلان کیا کہ تقریبا 25 ہزار میٹر ڈرلنگ کے بعد بلوچستان کے ضلع چاغی میں کم ازکم آٹھ پورفیری ذخائر میں تانبے اور سونے کی معدنی موجودگی دریافت کی گئی ہے۔این آر ایل نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں 10 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کے عزم کا اعلان بھی کیا۔وفاقی وزیر برائے توانائی) پیٹرولیم ڈویژن (علی پرویز ملک نے کہا کہ پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کے لیے اہمیت کے حامل اسٹریٹجک معدنیات کی تلاش پر زیادہ توجہ دے رہا ہے۔ انہوں نے جدید جیوکیمیکل اور جیو فزیکل سرویز، ایکسپلوریشن ڈرلنگ اور جدید تجزیاتی ٹیکنالوجیز سے لیس جیو سائنس لیبارٹریوں کی بہتری کے لیے جاری کوششوں کو اجاگر کیا۔انہوں نے چاغی اور مغربی بلوچستان میں تانبے اور سونے، گلگت بلتستان میں لیتھیم، ٹن اور ٹنگسٹن، جبکہ خیبر پختونخوا میں اینٹی منی اور بنیادی دھاتوں کے امکانات کا ذکر کیا۔وزیر توانائی نے کہا کہ پاکستان مقامی پراسیسنگ اور ریفائننگ کے ذریعے معدنیات کی ویلیو چین میں اپنا حصہ بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے، جس میں تانبے کی سملٹنگ کے قیام کی جانب پیش رفت بھی شامل ہے۔انہوں نے جیولوجیکل سروے آف پاکستان کے تیز رفتار ارضیاتی نقشہ سازی کے پروگرام کو اجاگر کیا، جس میں 1:50,000 کے پیمانے پر سرویز بھی شامل ہیں۔انہوں نے ڈیجیٹل نقشہ سازی، فضائی سرویز اور معدنیات کے جائزے کے شعبوں میں استعداد بڑھانے کے لیے بین الاقوامی تکنیکی تعاون کا بھی ذکر کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ارضیاتی ریکارڈ کو ڈیجیٹل شکل دینے سے سرمایہ کاروں کو قابل اعتماد معلومات تک رسائی ملے گی اور معدنیات کی تلاش سے وابستہ خطرات کم ہوں گے۔وزیر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کان کنی کے منصوبوں کی تجارتی کامیابی کے لیے بجلی، پانی، سڑکوں، ریلوے اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی سمیت معاون بنیادی ڈھانچے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے روہڑی۔نوکنڈی ریلوے کوریڈور کی مجوزہ اپ گریڈیشن، پورٹ قاسم سے رابطے اور ریکوڈک کے اطراف بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کو عالمی منڈیوں سے منسلک کرنے کے اہم اقدامات قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ سرمایہ کاری کے نتیجے میں پراسیسنگ، ریفائننگ، ڈاون اسٹریم صنعتوں، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مقامی ہنرمندی وسپلائرز کی ترقی کو فروغ ملے، جبکہ کان کنی کے منصوبوں کے لیے مقامی آبادی کا اعتماد بھی یقینی بنایا جائے۔فورم کے دوران پاکستانی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں) ایم او یوز (پر دستخط بھی کیے گئے۔ اپنے اختتامی کلمات میں پی ایم آئی ایف کے صدر اور آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ) او جی ڈی سی (کے منیجنگ ڈائریکٹر و چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد حیات لک نے کہا کہ فورم پاکستان کے معدنیات کے شعبے کے مستقبل کے حوالے سے پرامید فضا کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ان کے مطابق اس فورم نے بین الاقوامی سرمایہ کاری میں دلچسپی، قومی عزم، تکنیکی مہارت اور ملک کی معدنی صلاحیت سے بھرپور استفادے کے مشترکہ عزم کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔فورم کے دوران 13 تکنیکی سیشنز، پینلز اور گول میز مباحثوں کے ساتھ آٹھ اسٹریٹجک مباحثے بھی منعقد ہوئے، جن میں پالیسی سازوں، بین الاقوامی سرمایہ کاروں، صنعتی رہنماؤں اور تکنیکی ماہرین نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے کے مستقبل کی تشکیل کے لیے تبادلہ خیال کیا۔بین الاقوامی صنعتی رہنماوں میں بیرک مائننگ کارپوریشن کے چیئرمین جان ایل تھورنٹن، ایوانہو مائنز کے ایگزیکٹو چیئرمین رابرٹ فریڈ لینڈ اورمن میٹلز سینٹرل اینڈ ساؤتھ ایشیا کے نائب صدر وانگ جیچینگ نے بھی فورم سے خطاب کیا۔ پاکستانی کمپنیوں اور اداروں کی جانب سے اسٹریٹجک اعلانات میں منصوبوں کو آگے بڑھانے اور معدنیات کی پوری ویلیو چین میں شرکت مضبوط بنانے کی کوششوں کو اجاگر کیا گیا لائسنس ٹو ڈیلیور: بلڈنگ ٹرسٹ، انفراسٹرکچر اینڈ ایکسپورٹ کوریڈورز کے عنوان سے منعقدہ سیشن میں مسابقتی کان کنی کی صنعت کی ترقی کے لیے سکیورٹی، ماحولیاتی وسماجی معیارات، نقل وحمل کے روابط، بجلی، پانی اور لاجسٹکس کی اہمیت کا جائزہ لیا گیا۔اسٹریٹجک مباحثوں کے ساتھ تکنیکی کانفرنس بھی جاری رہی، جس میں ماہرین نے ارضیاتی خصوصیات کے تعین، معدنیات کی تلاش، مصنوعی ذہانت، پراسیسنگ ٹیکنالوجیز اور سرمایہ کاری کی تیاری سے متعلق تحقیقی مقالے پیش کیے۔ بین الاقوامی نمائش نے بھی کمپنیوں، سرمایہ کاروں اور ٹیکنالوجی فراہم کرنے والوں کو اپنے منصوبے، آلات اور خدمات پیش کرنے اور کاروباری شراکت داری کے مواقع تلاش کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کیا۔پی ایم آئی ایف 2026، 12 اور 13 نومبر کو اسلام آباد کے جناح کنونشن سینٹر میں منعقد ہوا، جس میں 60 سے زائد ممالک کے حکومتی رہنماؤں، بین الاقوامی کان کنی کمپنیوں، سرمایہ کاروں، پالیسی سازوں، مالیاتی اداروں اور تکنیکی ماہرین نے شرکت کی۔فورم میں 122 نمائش کنندگان شریک ہوئے، جبکہ شرکا کی مجموعی تعداد تقریبا 6,000 رہی۔فورم کا مقصد پاکستان کی معدنی صلاحیت کو اجاگر کرنا، بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینا اور سرمایہ کاری کے مواقع کو عالمی مہارت سے منسلک کرنا تھا۔فورم کا انعقاد حکومت پاکستان نے کیا، اسے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل) ایس آئی ایف سی (کی تائید حاصل تھی، جبکہ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ) او جی ڈی سی (اس کی بانی شراکت دار تھی۔اپنے خطاب میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان کا ہدف صرف خام معدنیات برآمد کرنا نہیں بلکہ ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ سمیت پوری ویلیو چین کو ملک کے اندر ترقی دینا ہے۔انہوں نے ملکی معدنی دولت کو ٹھوس معاشی فوائد میں تبدیل کرنے کو ایک مشترکہ قومی ہدف قرار دیتے ہوئے زور دیا کہ معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی مقامی آبادی کو کان کنی کے منصوبوں سے براہ راست فائدہ پہنچنا چاہیے۔انہوں نے ایسی طویل مدتی شراکت داریوں کی ضرورت پر بھی زور دیا جو پاکستان اور اس کے شراکت داروں کے لیے پائیدار قدر پیدا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کو صلاحیت سے پیداوار، وعدوں سے عملی اقدامات اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ ترقی کی جانب بڑھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں، جبکہ اس کے عوام ان مواقع کو نتائج میں بدلنے کی اصل قوت ہیں۔فورم کے اختتامی روز سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل کی غیر پراسیس شدہ شکل میں برآمد سے آگے بڑھ کرایسی سہولیات قائم کرے جہاں خام مواد کو تیار اور نیم تیار مصنوعات میں تبدیل کیا جا سکے۔ اس سے زیادہ معاشی قدر پیدا کرنے، روزگار کے مواقع بڑھانے، تکنیکی مہارتوں کوفروغ دینے اورٹیکنالوجی کی منتقلی میں مدد ملے گی۔وزیراعظم نے کہا، آپ کی حفاظت ہماری حفاظت ہے، اور کان کنی و معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری سے متعلق خدشات دور کرنے اور سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔گولڈ مین ساکس کی اس پیش گوئی کا حوالہ دیتے ہوئے کہ پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے امید ظاہر کی کہ ملک یہ سنگ میل 2050 سے بھی پہلے حاصل کرلے گا۔وزیراعظم نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ نیشنل منرلز ڈیٹا سینٹر اور جیولوجیکل سروے آف پاکستان) جی ایس پی (جیو پورٹل کا افتتاح بھی کیا۔ ان ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا مقصد ارضیاتی معلومات تک رسائی بہتر بنانا، معدنیات کی تلاش میں معاونت کرنا، سرمایہ کاروں کے لیے غیر یقینی صورت حال کم کرنا اور باخبر سرمایہ کاری کے فیصلوں کو ممکن بنانا ہے

**بقیہ نمبر 10**

ضروری احکامات جاری کیے۔آر پی او بہاولپور نے واضح کیا کہ شہریوں کی شکایات کا ازالہ محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام درخواستوں پر قانون، میرٹ اور انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے فوری اور شفاف کارروائی یقینی بنائی جائے۔کسی بھی شہری کی دادرسی میں غفلت یا غیرضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ غازی محمد صلاح الدین نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے، درخواست گزاروں کو کارروائی سے آگاہ رکھا جائے اور انہیں ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔

**بقیہ نمبر 11**

گائنی وارڈ، انتظار گاہ سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، ان کی خیریت دریافت کی اور علاج معالجے کے معیار، ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کے رویے کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کے علاج معالجے کے لیے تمام ضروری ادویات، طبی آلات، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی ہر وقت دستیابی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی مریض کو ہسپتال سے باہر ادویات خریدنے کی ضرورت پیش نہیں آنی چاہیے اور تمام مستحق مریضوں کو ہسپتال میں دستیاب وسائل کے ذریعے بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے، مریضوں اور ان کے لواحقین کے لیے انتظارگاہوں سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری اور طبی عملے کی جانب سے ذمہ دارانہ انداز میں فرائض کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ عوام کو معیاری، بروقت اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ہسپتالوں میں علاج معالجے کی معیاری سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صاف ستھرا ماحول یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت مند اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اوراس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقراء ناصر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹرز اور نرسنگ اسٹاف بھی موجود تھا۔

**بقیہ نمبر 12**

ایکسپلوریشن ڈرلنگ ایسٹ سیاہ ڈک کے مقام پر دو مراحل میں کی گئی۔خط میں بتایا گیا ہے کہ ڈرلنگ کے پہلے مرحلے کے نمونوں کی جانچ مکمل ہو چکی ہے، جبکہ دوسرے مرحلے کے نمونوں کی جانچ جاری ہے۔تانبے کی معدنیات تقریبا 1.4 مربع کلومیٹر کے رقبے پر پھیلی ہوئی ہیں۔کمپنی کے مطابق دریافت کا مقام ریکوڈک منصوبے سے تقریبا 50 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے۔500 میٹر کی گہرائی کے بعد بھی معدنیات ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ماری انرجیز نے بتایا ہے کہ آئندہ مرحلے میں 500 میٹر سے زیادہ گہرائی میں ایک ہزار میٹر تک ڈرلنگ کرنے کا ارادہ ہے۔کمپنی کے مطابق اسے تانبے کے پورفیری ذخائر کی تلاش کا 40 سال سے زائد تجربہ حاصل ہے، جبکہ دریافت کے نتائج بین الاقوامی معیار کے طے کردہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کیے گئے ہیں

**بقیہ نمبر 13**

خیال کیا ہے کہ اس اقدام سے طرز حکمرانی بہتر بنانے، ترقیاتی عمل تیز کرنے اور سرکاری خدمات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے میں مدد مل سکتی ہے۔واضح رہے کہ نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ اس پس منظر میں زور پکڑ رہا ہے کہ بڑے صوبائی انتظامی ڈھانچے دور دراز اضلاع اور چھوٹی آبادیوں کی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔میریڈین نیشنل بیرومیٹر 2026 کے نام سے کیے گئے سروے میں، جس کا انعقاد میریڈین اینالیٹکس نے 5 ہزار شہریوں کے درمیان کیا، انکشاف ہوا ہے کہ 77 فیصد پاکستانی اضافی صوبوں کے قیام کی حمایت کرتے ہیں۔ نومبر 2022 کے مقابلے میں یہ شرح 23 فیصد پوائنٹس بڑھ گئی ہے۔سروے کے مطابق 2022 میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت 54 فیصد تھی، جو 2024 میں بڑھ کر 66 فیصد ہوگئی اور تازہ ترین سروے میں 77 فیصد تک پہنچ گئی۔یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ نئے صوبوں کے قیام کی بحث اب محض سیاسی اور جغرافیائی حدود تک محدود نہیں رہی بلکہ اس کا تعلق روزمرہ طرز حکمرانی کے مسائل سے بھی جڑ چکا ہے۔شہریوں کو توقع ہے کہ چھوٹی انتظامی اکائیوں کے قیام سے بنیادی سرکاری خدمات کی فراہمی بہتر ہوگی اور تمام علاقوں میں ترقی کے یکساں مواقع پیدا ہوں گے۔ پاکستان کے سیاسی منظرنامے میں نئے صوبوں کا قیام ایک اہم مسئلہ رہا ہے، خصوصا پنجاب میں جہاں جنوبی پنجاب اور بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے کے مطالبات وقتا فوقتا سامنے آتے رہے ہیں۔جنوبی پنجاب کے الگ صوبے کے حامیوں کا مقف ہے کہ علیحدہ انتظامی ڈھانچے کے قیام سے اس خطے کو ترقیاتی منصوبہ بندی، بجٹ کی تقسیم اور عوامی خدمات کی فراہمی میں زیادہ توجہ حاصل ہو سکے گی۔اس خطے میں ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، رحیم یار خان اور مظفرگڑھ سمیت متعدد اضلاع شامل ہیں۔بہاولپور صوبے کے قیام کا مطالبہ بھی ایک الگ تاریخی پس منظر رکھتا ہے۔اس مطالبے کے حامی سابق ریاست بہاولپور کی صوبائی حیثیت بحال کرنے کے خواہاں ہیں۔یہ دونوں تجاویز مختلف سیاسی جماعتوں کے انتخابی منشور، پارلیمانی مباحثوں اور انتخابی مہمات کا حصہ رہی ہیں، تاہم صوبوں کی حدود، انتظامی معاملات اور سیاسی اتفاق رائے پر اختلافات کے باعث اب تک ان پرعمل درآمد ممکن نہیں ہوسکا۔ملک کے دیگر حصوں میں بھی نئے صوبوں کے قیام کے مطالبات سامنے آتے رہے ہیں۔خیبر پختونخوا کے ہزارہ ڈویژن میں الگ صوبے کے قیام کا مطالبہ موجود ہے، جبکہ سندھ میں کراچی کو الگ صوبہ بنانے کی تجاویز بھی وقتا فوقتا بحث کا موضوع بنتی رہی ہیں۔اسی طرح شمالی پنجاب کے بعض علاقوں پر مشتمل پوٹھوہار صوبے کے قیام کی تجاویز بھی انتظامی ڈھانچے کی ازسرنو تشکیل کے حوالے سے ہونے والی بحث کا حصہ رہی ہیں۔میریڈین کے سروے کے مطابق چاروں موجودہ صوبوں میں اضافی صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت پائی گئی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مطالبہ کسی ایک خطے تک محدود نہیں۔سندھ میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت سب سے زیادہ 80 فیصد ریکارڈ کی گئی، جبکہ پنجاب میں 78 فیصد، خیبر پختونخوا میں 75 فیصد اور بلوچستان میں 72 فیصد شہریوں نے اس کی حمایت کی۔کراچی میں نئے صوبوں کے قیام کے حق میں حمایت کی شرح 92 فیصد رہی، جو سروے میں سامنے آنے والے نمایاں ترین اعداد و شمار میں شامل ہے۔سروے کے نتائج سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ عوامی حمایت صرف عمومی طور پر نئے صوبے بنانے تک محدود نہیں۔ مجموعی طور پر 73 فیصد افراد نے اس تجویز کی حمایت کی کہ ان کے اپنے ضلع کو بھی کسی نئے صوبے کا حصہ بنایا جائے۔یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ شہری ایسے انتظامی تغیرات میں دلچسپی رکھتے ہیں جن کے اثرات براہ راست ان کی اپنی آبادیوں اور علاقوں پر مرتب ہوں۔صوبائی حکومتوں کی کارکردگی سے عدم اطمینان نئے صوبوں کے قیام کی بڑھتی ہوئی حمایت کی ایک بڑی وجہ بن کر سامنے آیا ہے۔سروے میں تقریبا 82 فیصد افراد نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومتیں ان کے اضلاع کی ترقیاتی ضروریات پوری کرنے میں مؤثر کردار ادا نہیں کر رہیں۔عوامی خدمات میں متوقع بہتری بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کی ایک اہم وجہ ہے۔ 83 فیصد افراد کا خیال ہے کہ نئے صوبے بننے سے سرکاری دفاتر تک پہنچنے کے لیے درکار سفر کا وقت کم ہوجائے گا۔ 79 فیصد افراد کو توقع ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے اضلاع کی ترقی کے لیے فنڈز میں اضافہ ہوگا۔ 77 فیصد افراد کا خیال ہے کہ اس اقدام سے پولیس کی عوامی شکایات پر ردعمل دینے کی صلاحیت بہتر ہوگی۔یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ شہری چھوٹے انتظامی ڈھانچوں کو قانون نافذ کرنے والے اداروں تک بہتر رسائی اور عوامی تحفظ میں اضافے سے بھی جوڑتے ہیں۔سروے کے مطابق مختلف عمر کے افراد اور شہری و دیہی آبادیوں میں بھی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت پائی گئی۔ 18 سے 29 سال کی عمر کے افراد میں حمایت 83 فیصد رہی۔ 30 سے 44 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح 82 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ 45 سے 64 سال کی عمر کے افراد میں حمایت 72 فیصد رہی۔اسی طرح شہری علاقوں میں رہنے والے 76 فیصد جبکہ دیہی علاقوں کے 68 فیصد افراد نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کی۔یہ سروے 12 اکتوبر سے 4 نومبر 2026 کے درمیان کیا گیا، جس میں 18 سے 64 سال کی عمر کے 5 ہزار بالغ شہریوں کی آرا حاصل کی گئیں۔پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 239 کی شق 4 کے مطابق کسی صوبے کی حدود میں تبدیلی سے متعلق آئینی ترمیم اس وقت تک صدر مملکت کی منظوری کے لیے پیش نہیں کی جاسکتی جب تک متعلقہ صوبے کی صوبائی اسمبلی اپنے کل ارکان کی کم ازکم دو تہائی اکثریت سے اس کی منظوری نہ دے دے۔اس آئینی تقاضے کے تحت کسی بھی صوبے کی حدود تبدیل کرنے یا نئے صوبے کے قیام کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری بنیادی شرط ہے

**بقیہ نمبر 14**

کا معائنہ کیا اور پلانٹ کی فعالیت، صفائی ستھرائی، مشینری اور فلٹریشن سسٹم کا جائزہ لیا۔انہوں نے پانی کے معیار کو یقینی بنانے اور شہریوں کو صاف و محفوظ پینے کے پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے پلانٹ کی باقاعدہ دیکھ بھال، صفائی اور مؤثر مانیٹرنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ عوامی سہولیات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔بعدازاں کمشنر نے عباسیہ چوک کے قریب زیر تعمیر نئے سہولت بازار کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے منصوبے کو جلد مکمل کرنے، ریڑھی بانوں اور دکانداروں کے لیے مختص جگہوں، پارکنگ، صفائی ستھرائی اور شہریوں کی آمدورفت کے لیے بہترین انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ نئے سہولت بازار کی تکمیل سے ریڑھی بانوں کو باعزت کاروباری جگہ اور شہریوں کو خریداری کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے عباسیہ ہائی سکول میں ستھرا پنجاب کے صفائی ورکرز سے ملاقات کی اور صفائی مہم کے انتظامات اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے ورکرز کو شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ہدایت کی۔اس موقع پر انہوں نے چوک منیر شہید میں جدید مشینری کے ذریعے سڑکوں کی دھلائی اور صفائی آپریشن کا بھی معائنہ کیا اور صفائی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت جاری کی۔کمشنر نے کہا کہ ستھرا پنجاب مہم کے تحت انتظامیہ اور بہاولپور ویسٹ منیجمنٹ کمپنی سمیت تمام متعلقہ ادارے متحرک ہیں اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ صفائی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے انتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں اور صفائی سے متعلق شکایات کی فوری نشاندہی کریں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقراء ناصر اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

**بقیہ نمبر 15**

احمد پور شرقیہ اقراء ناصر سمیت متعلقہ افسران کے ہمراہ تحصیل احمد پور شرقیہ میں میونسپل کارپوریشن آفس کا دورہ کیا اور پیرا فورس کے جوانوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور نے پیرا فورس کے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شائستگی اور احترام سے پیش آئیں اور عوامی خدمت کے دوران نرم رویہ، مہذب گفتگو اور بہترین طرز عمل کو ہرصورت یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پیرا فورس کے اہلکار اپنے فرائض پوری ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں اور شہریوں کے ساتھ غیر مناسب رویے یا بدسلوکی کی کوئی شکایت موصول نہیں ہونی چاہیے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ پیرا فورس کے جوان عوامی مسائل کے حل میں معاون کردار ادا کریں اور شہریوں کو قانون و ضابطے کے مطابق مؤثر رہنمائی فراہم کریں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اہلکاروں کا عوام کے ساتھ مثبت رویہ اداروں پر اعتماد میں اضافے کا بنیادی ذریعہ ہے، لہٰذا پیرا فورس کے اہلکار اپنے ذمہ دارانہ طرز عمل، خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ خدمات کے ذریعے عوامی اعتماد کے حصول اور بہتر انتظامی ماحول کے قیام میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

**بقیہ نمبر 16**

ہے۔نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں پی این ایس سی کی تنظیم نو کے مختلف پہلوؤں اور اسے ایک موثر، جدید اور عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ ادارے میں تبدیل کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکا نے ادارے کی عملیاتی کارکردگی بہتر بنانے اور کارپوریٹ گورننس کو بین الاقوامی بہترین معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ تنظیم نو کا پورا عمل پیشہ ورانہ مہارت اور عالمی معیارات کی بنیاد پر آگے بڑھایا جائے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ادارے کے تجارتی منافع اور مالیاتی فوائد کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے، پاکستان کی بحری تجارت اور لاجسٹکس کے نظام کو مضبوط بنانے اور قومی اقتصادی مفادات کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے جامع حکمت عملی اور لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے عالمی شہرت یافتہ شپنگ اور مالیاتی مشیروں کی خدمات حاصل کی جائیں۔اجلاس میں وفاقی وزیر برائے بحری امور، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری بحری امور اور متعلقہ وزارتوں و محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

**بقیہ نمبر 17**

ڈرائیوروں سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ کرشنگ سیزن کے دوران اوورلوڈنگ اور بغیر حفاظتی انتظامات کے شاہراہوں پر سفر کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے ڈرائیوروں کو ہدایت کی کہ ٹریکٹر ٹرالیوں پر مقررہ حد کے مطابق گنا لوڈ کریں، ٹرالیوں کے پچھلے حصے پر نمایاں ریفلیکٹرز اور مناسب بیک لائٹس نصب کریں، ڈرائیونگ لائسنس کی پابندی کریں اور رات کے اوقات بالخصوص دھند کے دوران رفتار کم رکھتے ہوئے خصوصی احتیاط برتیں۔ ایس ایچ او صدیق ڈھڈی نے کہا کہ چندلمحوں کی غفلت نہ صرف ڈرائیور بلکہ شاہراہ استعمال کرنے والے دیگر شہریوں کی زندگیوں کو بھی خطرے میں ڈال سکتی ہے، لہٰذا ٹریفک قوانین کو محض قانونی پابندی نہیں بلکہ انسانی جانوں کے تحفظ کا ذریعہ سمجھا جائے۔ ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایات کے مطابق بہاولپور پولیس شہریوں کو محفوظ سفری ماحول فراہم کرنے اور ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے

**بقیہ نمبر 18**

افراد سڑک پر جا رہے تھے کہ اچانک پیچھے سے آنے والے ٹرک نے انہیں ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں دونوں کو سر پر شدید چوٹیں آئیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم پانچ منٹ کے اندر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور دونوں متاثرہ افراد کو رورل ہیلتھ سینٹر اوچ شریف منتقل کیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت لعل ولد عبدالستار، عمر 45 سال، جبکہ زخمی کی شناخت حاجی احمد ولد ملک موسی، عمر 60 سال، کے نام سے ہوئی ہے، دونوں کا تعلق کنڈی سیٹ پور ضلع مظفرگڑھ سے بتایا گیا ہے۔

**بقیہ نمبر 19**

جائے۔اسحاق ڈار کی زیرصدارت چینی کی برآمد سے متعلق سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں چینی کی برآمدات اور ملکی کھپت کے درمیان توازن برقرار رکھنے کے طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اجلاس میں چینی کی دستیابی، برآمدات اور مقامی ضروریات سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔اس موقع پر نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کسانوں کے مفادات کا تحفظ اور عوام کو مناسب قیمت پر چینی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور مؤثر اقدامات کے ذریعے عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ چینی کی برآمدات سے متعلق فیصلوں میں ملکی ضروریات اور صارفین کے مفادات کو مدنظر رکھا جائے۔

**بقیہ نمبر 20**

انتظامی امور کا جائزہ لیا۔کمشنر نے اراضی ریکارڈ سینٹر کا معائنہ کرتے ہوئے شہریوں کو فرد، انتقال اور دیگر اراضی ریکارڈ سے متعلق خدمات کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو اراضی ریکارڈ سے متعلق تمام خدمات بروقت، شفاف اور آسان انداز میں فراہم کی جائیں۔عوامی سہولیات میں بہتری، سروس ڈیلیوری میں تیزی اور شہریوں کے مسائل کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو سرکاری امور کی انجام دہی میں غیرضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے پیرا فورس کی زیر تعمیر عمارت کا بھی معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کی پیش رفت، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل اور کام کے معیار کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ پیرا فورس کے لیے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ عمارت کی تعمیر یقینی بنائی جائے اور منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کاموں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور تمام مراحل میں تعمیراتی میٹریل اور کام کے معیار کو یقینی بنایا جائے۔کمشنر نے محمود پارک کا دورہ کرکے شہریوں کو فراہم کی جانے والی تفریحی سہولیات کا جائزہ لیا اور پارک میں قائم پنک ریڑھی بازار کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے خواتین کے لیے مختص کاروباری سہولیات اورانہیں فراہم کیے جانے والے ماحول کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا پنک ریڑھی بازار کا اقدام خواتین کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول، محفوظ کاروباری جگہ اور تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ اعتماد کے ساتھ اپنی معاشی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے سب رجسٹرار آفس کا دورہ کرکے رجسٹری کے عمل اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رجسٹری کے لیے آنے والے شہریوں سے ملاقات کی اوران سے دستیاب سہولیات، رجسٹری کے عمل اور درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ رجسٹری کے عمل کو شفاف، تیز رفتار اور عوام دوست بنایا جائے اور شہریوں کو رجسٹری سمیت تمام سرکاری امور کی انجام دہی میں غیرضروری تاخیر اور مشکلات سے بچایا جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام خدمات میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر فراہم کی جائیں اور شہریوں کے مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے۔

**بقیہ نمبر 21**

سے رپورٹ اور پیرا وائز کمنٹس طلب کر لیے۔جسٹس عمیر مجید ملک کی عدالت نے امجد علی کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکمنامہ جاری کردیا، درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر عادل عزیز قاضی عدالت میں پیش ہوئے۔درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ قانون کے تحت ہر یونین کونسل 9 وارڈز میں تقسیم تھی، الیکشن کمیشن نے 12 دسمبر 2024 کو حدبندی کے اوقات کار جاری کیے، حدبندی مکمل ہونے کے بعد 26 دسمبر 2025 کو انتخابی پروگرام جاری کیا گیا جسے بعد میں واپس لے لیا گیا۔درخواست میں کہا گیا کہ اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2026 کے نفاذ سے تین ٹاؤن کارپوریشنز بنائی گئیں اور یونین کونسلوں کی تعداد 125 سے بڑھا کر 130 کردی گئی، آرڈیننس کے تحت 9 وارڈز کی ساخت ختم کرکے مردم شماری بلاکس کی بنیاد پر حدبندی کا طریقہ کار اپنایا گیا۔درخواست گزار کے مطابق الیکشن کمیشن نے 25 اگست 2026 کو نظرثانی شدہ حدبندی کے اوقات کار جاری کیے اور 14 اکتوبر 2026 کو 130 یونین کونسلوں کی حتمی فہرست جاری کی۔درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ 120 دن کی ایک توسیع کے بعد لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2026 آئین کے آرٹیکل 89 کے تحت غیرمؤثر ہونے پر ایکٹ 2015 بحال ہوگیا، الیکشن کمیشن نے 21 اکتوبر 2026 کو بحال شدہ قانون کے تحت انتخابات کرانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اسی روز انتخابی شیڈول جاری کر دیا۔درخواست گزار کے مطابق الیکشن کمیشن کے حکم میں بحال شدہ قانون کے تحت 125 یونین کونسلوں کے 9 وارڈز یا میٹروپولیٹن کارپوریشن کی حدبندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، ترمیم شدہ قانون کے تحت کی جانے والی حدبندی بحال شدہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت انتخابات کی بنیاد نہیں بن سکتی۔درخواست میں مزید کہا گیا کہ انتخابات سے قبل لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 اور الیکشنز ایکٹ کے مطابق نئی حدبندی اور ووٹر لسٹوں کی تیاری ضروری ہے، مطلوبہ حدبندی کے بغیر انتخابات کا انعقاد آئین کے آرٹیکل 218(3)، لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 اور الیکشنز ایکٹ کی خلاف ورزی اور سرکاری فنڈز کا ضیاع ہے۔عدالت نے الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن اور انتخابی شیڈول معطل کرتے ہوئے الیکشن کمیشن اور دیگر فریقین کو آئندہ سماعت 26 نومبر 2026 تک رپورٹ اور پیراوائز کمنٹس جمع کرانے کی ہدایت کر دی، عدالت نے کیس کی مزید سماعت 26 نومبر تک ملتوی کردی۔

**بقیہ نمبر 22**

پیکرز کو 10 دسمبر تک نظام نصب کرنے کی ہدایت کردی ہے۔اطلاق بلیک ٹی، گرین ٹی، فلیورڈ ٹی، ٹی بیگز، انسٹنٹ ٹی، چائے کے عرق اور چائے پر مشتمل مختلف پری مکسز سمیت تمام اقسام کی پیک شدہ چائے پر ہوگا۔اس حوالے سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر جاری کردیا ہے جس کے ذریعے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پیک شدہ چائے کی پیداوار کی الیکٹرانک مانیٹرنگ لازمی قرار دیتے ہوئے ملک بھر میں چائے کی تیاری، مختلف اقسام کی آمیزش اور ریٹیل پیکنگ میں مصروف تمام رجسٹرڈ اداروں، بشمول ٹول اور کنٹریکٹ پیکرز کو مقررہ الیکٹرانک پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم نصب اور فعال کرنے کی ہدایت کردی ہے۔پیکجڈ چائے بنانے اور پیک کرنے والی کمپنیوں کے لیے جاری کردہ نئی ہدایات میں کہا گیا ہے کہ چائے کے ہر برانڈ، وزن اور پیکنگ کے لیے الگ بارکوڈ رجسٹر کروانا ہوگا، چائے کی پیداوار اور پیکنگ کا ڈیٹا فوری طور پر ایف بی آر کو منتقل ہوگا، نئے یا تبدیل شدہ پیکج کی رجسٹریشن پیکنگ سے 7 دن پہلے کروانا ہوگی۔سیلز ٹیکس جنرل آرڈر کے مطابق چائے کی پیکنگ کرنے والی کمپنیوں کو 10 دسمبر تک مانیٹرنگ سسٹم لگانا ہوگا، دستی طریقے سے پیکنگ کرنے والی کمپنیوں کو بھی اسکیننگ کا انتظام کرنا ہوگا جبکہ بارکوڈ ہٹانے، چھپانے یا تبدیل کرنے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔نئے احکامات پیکجڈ چائے بنانے، بلینڈ اور پیک کرنے والی تمام رجسٹرڈ کمپنیوں پر لاگو ہوں گے۔ایف بی آر کے منظور شدہ وینڈر سے بارکوڈ اور پیکنگ کی رجسٹریشن کروانا ہوگی، چائے کی ہر پیکنگ لائن پر الیکٹرانک مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔سسٹم چائے کے ہر پیک پر بارکوڈ اسکین اور پیکٹوں کی تعداد ریکارڈ کرے گا، غیررجسٹرڈ بارکوڈ والے چائے کے پیکٹ تیار کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔الیکٹرانک نگرانی کے بغیر پیکجڈ چائے فیکٹری سے باہر نہیں نکالی جا سکے گی۔ایف بی آر کے مطابق اس نظام کے تحت ہر مینوفیکچرنگ اور پیکنگ یونٹ کی ہر پیکنگ لائن پر مناسب ہارڈویئر اور سافٹ ویئر نصب کیا جائے گا، جو ہر ریٹیل پیک پر موجود بارکوڈ اسکین کرکے اس کی شناخت (ایس کے یو) اور تعداد کا ریکارڈ مرتب کرے گا۔اس حکم کا اطلاق بلیک ٹی، گرین ٹی، فلیورڈ ٹی، ٹی بیگز، انسٹنٹ ٹی، چائے کے عرق اور چائے پر مشتمل مختلف پری مکسز سمیت تمام اقسام کی پیک شدہ چائے پر ہوگا۔ایف بی آر نے ایسے تمام اداروں کو جن کی مصنوعات پر بارکوڈ موجود نہیں یا ایک ہی بارکوڈ مختلف مصنوعات کے لیے استعمال ہو رہا ہے، ہدایت کی ہے کہ وہ آرڈر کے اجرا کے 15 دن کے اندر ہر منفرد پروڈکٹ کے لیے الگ اور منفرد بارکوڈ مختص کریں، اسے پیکٹ پر نمایاں اور اسکین کے قابل جگہ پر پرنٹ یا پائیدار لیبل کے ذریعے چسپاں کریں اور برانڈ، آمیزش، وزن، پیکنگ کی قسم، ریٹیل قیمت، بارکوڈ نمبر اور پیکٹ کی تصویر سمیت تمام تفصیلات مجاز وینڈر کے پاس رجسٹر کرائیں۔نئی مصنوعات یا موجودہ مصنوعات میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں متعلقہ تفصیلات پیکنگ سے کم ازکم سات روز قبل رجسٹر کرانا ہوں گی۔دستی پیکنگ کرنے والے اداروں کو بھی کنویئر یا مخصوص اسکیننگ پوائنٹ قائم کرنا ہوگا تاکہ ہر پیکٹ کی گنتی اور مانیٹرنگ ممکن ہوسکے۔حکم نامے کے مطابق تمام متعلقہ ادارے 10 دسمبر 2026 تک الیکٹرانک مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب، انضمام اور فعالیت سمیت تمام ضروری انتظامات مکمل کریں گے، جبکہ مانیٹرنگ کے بغیر کسی بھی پیک شدہ چائے کو کاروباری مقام سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔اداروں کو سسٹم کے لیے ضروری آئی ٹی سہولیات، رابطے اور بجلی کی فراہمی کے ساتھ مقررہ فیس اور چارجز بھی ادا کرنا ہوں گے۔ایف بی آر نے اس مقصد کے لیے چار مجاز وینڈرز، ایکسیلنس ڈیلیوریڈ، نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن، ٹول لنک پاکستان اور اے جے سی ایل کو بھی نامزد کیا ہے۔حکم نامے کے تحت متعلقہ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو کو فوکل پرسن مقرر کرنے اور اپنے دائرہ اختیار میں کام کرنے والے تمام متعلقہ مینوفیکچررز اور پیکرز کو اس نظام کے تحت لانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، جبکہ جاری کردہ فہرست کو حتمی نہیں قرار دیا گیا اور اس میں شامل نہ ہونے والے دیگر متعلقہ رجسٹرڈ اداروں کو بھی اس نظام کا پابند بنایا جائے گا۔

**بقیہ نمبر 23**

وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا، جس میں چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی سہیل اشرف، بینکنگ سیکٹر کے نمائندگان اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی خصوصی ہدایات پر کیش لیس اسلام آباد منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ نے وزیراعظم سے وعدہ کیا تھا کہ اسلام آباد کو نہ صرف پاکستان کا پہلا کیش لیس شہر بلکہ دنیا کا پہلا کیش لیس دارالحکومت بنایا جائے گا، اوراسی وژن کے تحت تمام متعلقہ ادارے باہمی اشتراک سے کام کررہے ہیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ منصوبے کی کامیابی کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت اورتجاویز نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔حکومتی حکمت عملی کی تفصیلات فراہم کرتے ہوئے طلال چوہدری نے واضح کیا کہ 30 نومبر کے بعد اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری اور سی ڈی اے کے کسی بھی محکمے میں نقد ادائیگی وصول نہیں کی جائے گی اور تمام سرکاری لین دین ڈیجیٹل ذرائع سے ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ دارالحکومت میں 26 ہزار مرچنٹس پہلے ہی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام سے منسلک ہو چکے ہیں، جبکہ 31 دسمبر تک ریڑھی بانوں سے لے کر بڑے کاروباری مراکز تک ہر سطح پر ڈیجیٹل ادائیگیوں کی سہولت فراہم کردی جائے گی۔وزیرمملکت داخلہ کے مطابق کیش لیس نظام کے نفاذ سے مالیاتی شفافیت، ٹیکس مانیٹرنگ اور مجموعی لین دین کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی۔اجلاس میں شریک بینکنگ سیکٹر کے تمام نمائندگان نے کیش لیس اسلام آباد کے حکومتی اقدام کو سراہتے ہوئے اس منصوبے کی کامیابی اور شہر کو جدید ڈیجیٹل دارالحکومت بنانے کے لیے حکومت کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

**بقیہ نمبر 24**

استعمال کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ صوبوں کے معاملے پر ریفرنڈم کس نے کرانا ہے؟ پارلیمنٹ نے کرانا ہے، یہ معاملہ ابھی تک پارلیمنٹ میں آیا ہی نہیں، صوبوں کے معاملے پر اگر ریفرنڈم ہو بھی جاتا ہے تو معاملہ طے تو پارلیمنٹ نے کرنا ہے اور جب معاملہ پارلیمنٹ میں آئے گا تو پالیسی اسٹیٹمنٹ دی جائے گی اور بحث ہوگی۔

**بقیہ نمبر 25**

فیکلٹی ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔سیمینار میں چیئرپرسن ڈاکٹر سمعیہ خالد نیاپانچ صدیاں: اقتدار، ثقافت، کشمکش اور ورثہ کے موضوع پر گفتگو کی۔ڈاکٹر مظہر حسین نے مغل طرز حکمرانی اور مذہبی تنوع: رواداری، اختیار اور سیاسی انضمام پر روشنی ڈالی۔ڈاکٹر محمد شفیق نیمغل مقبرہ سازی: تدفینی روایات، باغات کے ڈیزائن اور شاہی ورثے کا تصور کے موضوع پر بات کی۔ڈاکٹر صفیہ صدیقی نے تخت کے پس پردہ آوازیں: مغل سلطنت کی خواتین کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔لیکچرار ڈاکٹر ممتاز احمد خان نے مغل نظام مال گزاری اور اس کا تسلسل: ٹوڈرمل کے زمینی ریکارڈ سے لے کر جدید پٹواری نظام تک کے موضوع پر گفتگو کی۔لیکچرار ڈاکٹر خضر حیات نے آگرہ کی بازگشت: ریاست بہاولپور کے شاہی فن تعمیر میں مغل طرز آرائش کے موضوع پر بات کی۔اس سیمینار نے ایک ایسا علمی پلیٹ فارم فراہم کیا جہاں جنوبی ایشیا کی تاریخ، سیاسی اداروں، نظام مال گزاری، صنفی تعلقات، تعمیراتی روایات، ثقافتی ورثے اور مذہبی تنوع پر مغل سلطنت کے دیرپا اثرات کا جائزہ لیا گیا۔اس دوران ریاست بہاولپور کے تاریخی اور ثقافتی منظرنامے پر مغل فن تعمیر اور انتظامی روایات کے اثرات پر خصوصی توجہ دی گئی۔یہ سرگرمی برصغیر پاک و ہند کے عظیم تاریخی ورثے کے بارے میں آگاہی پھیلانے، علمی مکالمے کو فروغ دینے اور تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے شعبہ تاریخ کے عزم کی عکاس تھی۔

**بقیہ نمبر 26**

نے مقامی زمیندار سردار حاجی غلام حسن خان گوپانگ اور حسنین خان گوپانگ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ندیم حیدر چوہدری نے مزید کہا کہ کین فیلڈ کا عملہ زمینداروں سے مسلسل رابطے میں ہے تاکہ کرشنگ سیزن کے دوران انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے آروائی کے شوگرملز انتظامیہ زمینداروں کسانوں کے ساتھ بہتر روابط، باہمی اعتماد اور تعاون کو خصوصی اہمیت دیتی ہے، جبکہ سیزن کو کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبے مربوط انداز میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اس موقع پر محمد عامر ملک ارسلان خان گوپانگ سید احمد حسن بھی موجود تھے۔-----

**بقیہ نمبر 27**

(بہاولپور ڈاکٹر عادل محمود رانجھا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سموگ فضائی آلودگی کی ایک خطرناک شکل ہے، جو انسانی صحت کو متاثر کرتی ہے۔سموگ کے باعث سانس لینے میں دشواری، کھانسی، نزلہ، زکام، گلے میں خراش، آنکھوں میں جلن اور دمہ کے مریضوں کی تکالیف میں اضافہ ہو سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہری غیرضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، باہر جاتے وقت ماسک کا استعمال کریں، گھروں کی کھڑکیاں اور دروازے بند رکھیں، آنکھوں کو بار بار صاف پانی سے دھوئیں اور زیادہ پانی پئیں۔خصوصا بچوں، بزرگوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد کو خصوصی احتیاط کرنی چاہیے۔ڈاکٹر عادل محمود رانجھا نے مزید کہا کہ سموگ کے دوران ورزش اور صبح سویرے یا شام کے وقت کھلی فضا میں زیادہ دیر رہنے سے گریز کریں۔ اگر سانس لینے میں دشواری، سینے میں درد یا مسلسل کھانسی کی شکایت ہو تو فوری طور پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ سموگ سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

Dawlance
COSTUMER SERVICE CENTER
ALI COOLING CENTER
علی کولنگ سنٹر

احمد علی چوہدری
0300-6816803
0304-8201111
کچہری روڈ نزد UBL بینک احمد پور شرقیہ